Adda247 GET IT ON Google Play

# Paper – II

## Urdu

Booklet Code **A**

TEST BOOKLET NO.

Subject Code : 3 8

Roll No. :

(Figures as per admission card)

Roll No. (in words) : ____________________

OMR Sheet No. :

A

**Name and Signature of Invigilator/s**

Signature : ____________________

Name : ____________________

Time : 2 Hours — Maximum Marks : 200

Number of Pages in this Booklet : 20 — Number of Questions in this Booklet : 100

**Instructions for the Candidates**

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of hundred(100) multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the test booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested **to open the booklet and compulsorily examine it as below** :
   (i) To have access to the Test Booklet, tear off the paper seal on the edge of the cover page. Do not accept a booklet without sticker seal or open booklet.
   (ii) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Test Booklet will be replaced nor any extra time will be given.**
   (iii) After the verification is over, the Test Booklet Number should be entered in the OMR Sheet and the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each item has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.

   **Example** : (A) (B) ● (D)

   where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated in the **OMR Sheet kept inside this Booklet**. If you mark at any place other than in the circles, the OMR Sheet will not be evaluated.
6. Read the instructions given in OMR carefully. Fill the Booklet Code of Paper – II in OMR Sheet **Compulsorily**.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your name or put any mark on any part of the OMR Answer Sheet, except for the space provided for the relevant entries, which may disclose your identity, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the OMR Answer Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must NOT carry it with you outside the Examination Hall.
10. You can take away test booklet and carbon copy of OMR Answer Sheet after the examination.
11. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
12. **Use of any calculator, electronic gadgets or log table, etc. is prohibited.**
13. **There is no negative marks for incorrect answers.**

# Test Prime

## ALL EXAMS, ONE SUBSCRIPTION

**70,000+** Mock Tests

Personalised Report Card

Unlimited Re-Attempt

**600+** Exam Covered

Previous Year Papers

**500%** Refund

IBPS

NABARD

INDIAN RAILWAYS

**ATTEMPT FREE MOCK NOW**

Adda247
GET IT ON Google Play



1. القاب کے لحاظ سے صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(i) مصورِ غم : خواجہ میر دردؔ
(ii) طوطیِ ہند : مرزا غالبؔ
(iii) پہلوانِ سخن : مرزا محمد رفیع سوداؔ
(iv) لسان العصر : اکبر الہ آبادی
(v) شاعرِ فطرت : جوشؔ ملیح آبادی
(vi) اُردو شاعری کا ہومر : مرزا دبیر

(A) (i)، (ii)، (v)، (vi)
(B) (ii)، (iv)، (iii)، (vi)
(C) (iii)، (iv)، (v)، (i)
(D) (ii)، (iii)، (v)، (vi)، (iv)

2. دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کی خصوصیت نہیں ہے؟

(i) داخلیت
(ii) خارجیت
(iii) ظاہر داری کا بیان
(iv) الفاظ کے بجائے خیالات کی تازگی پر نظر
(v) نسائیت
(vi) رعایتِ لفظی کی بھرمار

(A) (i)، (iv)، (v)، (vi)
(B) (iv)، (v)، (vi)، (i)
(C) (ii)، (iii)، (v)، (vi)
(D) (i)، (iii)، (iv)، (vi)

3. درج ذیل میں سےکون سی دکنی اُردو کی اہم صوتی خصوصیت نہیں ہے؟

(A) مشدد آوازیں
(B) عربی، فارسی اور سنسکرت کے اکثر الفاظ کے مصمتی خوشے توڑ دیئے جاتے ہیں
(C) 'ق' کی آواز 'خ' کی آواز میں بدل جاتی ہے
(D) مصوتوں کو رنفیانے کے رجحان کا یکسر فقدان

4. درج ذیل میں سے کس ناول میں مرکزی کردار کے طور پر ایک طوائف کو پیش کیا گیا ہے؟

(A) فائر ایریا
(B) ٹیڑھی لکیر
(C) امراؤ جان ادا
(D) خدُا کی بستی

5. ڈراما ' آگرہ بازار ' میں کس شاعر کی نظموں کا استعمال کیا گیا ہے؟

(A) ل۔احمد اکبر آبادی
(B) اکبر الہ آبادی
(C) نظیر اکبر آبادی
(D) حبیب تنویر

Adda247
GET IT ON Google Play



درج ذیل شعری حصے کا بغور مطالعہ کیجئے اور اس کی روشنی میں سوال 6 سے 10 کے جواب لکھیے۔

جلتے رہنا کام ہے دل کا بجھ جانے سے حاصل کیا
اپنی آگ کے ایندھن میں ہم ایندھن کا مستقبل کیا
بولو نقوشِ پاکچھ بولو، تم تو شاید سنتے ہو
بھاگ رہی ہے راہ گزر کے کان میں کہہ کر منزل کیا
ان پڑھ آندھی گھس پڑتی ہے توڑ کے پھاٹک محلوں کے
'اندر آنا منع ہے' لکھ کر لٹکانے سے حاصل کیا
پروانے اب اپنی اپنی آگ میں جلتے رہتے ہیں
شعلوں کے بٹوارے سے تھا مقصد شمع محفل کیا
ٹوٹی دھنک کے ٹکڑے لے کر بادل روتے پھرتے ہیں
کھینچا تانی میں رنگوں کے سورج بھی ہے شامل کیا

**6.** درج بالا شعری حصہ کس صنف شاعری سے متعلق ہے؟

(A) نظم
(B) قصیدہ
(C) مرثیہ
(D) غزل

**7.** دل کا کیا کام ہے؟

(A) جلتے رہنا
(B) بجھ جانا
(C) بولتے رہنا
(D) پروانے سے بات کرنا

**8.** محل کے پھاٹک توڑ کر کیا گھس پڑتی ہے؟

(A) دھنک کے ٹکڑے
(B) شمع محفل
(C) ان پڑھ آندھی
(D) آگ کے ایندھن

**9.** اس شعری حصے میں ہم آواز الفاظ مستقبل، منزل، حاصل، محفل اور شامل کا استعمال کیا گیا ہے؟ شعری اصطلاح میں اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مقطع
(B) مطلع
(C) ردیف
(D) قافیہ

**10.** شاعر کھینچا تانی میں کس کے شامل ہونے کی بات کرتا ہے؟

(A) سورج
(B) بادل
(C) دھنک
(D) رنگ

Adda247
GET IT ON Google Play



**11.** آل احمد سرور کی تصانیف ہیں

(i) تنقیدی اشارے

(ii) نئے پرانے چراغ

(iii) نظر اور نظریے

(iv) اُردو تنقید پر ایک نظر

(v) لفظ و معنی

(vi) اُردو غزل کے اہم موڑ

(A) (iv)، (v)، (vi)

(B) (i)، (ii)، (iii)

(C) (i)، (iii)، (v)

(D) (i)، (v)، (iv)

**12.** کون سا ڈراما محمد حسن کا نہیں ہے ؟

(A) پیسہ اور پرچھائی

(B) مور پنکھی

(C) تماشا اور تماشائی

(D) آفتابِ محبت

**13.** ذیل میں سے کس افسانہ نگار کو جنسی مسائل کی ترجمانی میں امتیاز حاصل ہے ؟

(A) کرشن چندر

(B) سعادت حسن منٹو

(C) انتظار حسین

(D) غیاث احمد گدی

**14.** درج ذیل افسانہ نگاروں اور ان کے افسانوی مجموعے کے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(W) اقبال مجید ، خواجہ احمد عباس، سریندر پرکاش — (i) ایک لڑکی ، تماشا گھر، روشنی کی رفتار

(X) سریندر پرکاش، جیلانی بانو، سہیل عظیم آبادی — (ii) ہم وحشی ہیں، ٹھنڈا گوشت، واردات

(Y) پریم چند، عصمت چغتائی ، غیاث احمد گدی — (iii) تماشا گھر، ایک لڑکی، بجو کا

(Z) سعادت حسن منٹو، راجندر سنگھ بیدی، کرشن چندر — (iv) اپنے دکھ مجھے دے دو، ہم وحشی ہیں، تماشا گھر

(A) (iii) (W)    (B) (i) (X)

(C) (iv) (Z)    (D) (ii) (Y)

**15.** " سب رس " میں " دل " کس کی بیٹی پر عاشق ہوتا ہے ؟

(A) عقل کی    (B) عشق کی

(C) نظر کی    (D) رقیب کی

**16.** درج ذیل میں سے کس کا تعلق رومانی تحریک سے ہے ؟

(A) سجاد حیدر یلدرم

(B) سجاد ظہیر

(C) منشی سجاد حسین

(D) سجاد اختر

**17.** کالم نگاری کا تعلق ذیل میں سے کس ذرائع ابلاغ سے ہے ؟

(A) اخبار

(B) ریڈیو

(C) فلم

(D) ٹیلی ویژن

18. درج ذیل میں سے کس کا تعلق ذرائع ابلاغ سے ہے ؟
(A) اداریہ نگاری
(B) سوانح نگاری
(C) سفر نامہ نگاری
(D) دیباچہ نگاری

19. درج ذیل بیانات کی روشنی میں صحیح جواب کا تعین کیجیۓ۔
**بیان** (i) : ہند آریائی خاندان کسی دوسری زبان کی شاخ نہیں ہے۔
**بیان** (ii) : اُردو زبان ہند آریائی خاندان سے نکلی ہے۔
(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں
(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں
(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے
(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

20. درج ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق ترقی پسند تحریک سے نہیں تھا ؟
(A) جوش ملیح آبادی
(B) مخدوم محی الدین
(C) معین احسن جذبی
(D) میراجی

21. درج ذیل میں سے کس ناول نگار کی شناخت تاریخی ناول نگار کے طور پر ہوتی ہے ؟
(A) الیاس احمد گدی
(B) عصمت چغتائی
(C) راجندر سنگھ بیدی
(D) عبد الحلیم شرر

22. 'چوٹیں' کس کا افسانوی مجموعہ ہے ؟
(A) جیلانی بانو
(B) قرۃ العین حیدر
(C) عصمت چغتائی
(D) اقبال مجید

23. درج ذیل میں سے کون سا ڈراما آزادی کے بعد لکھا گیا ؟
(A) آگرہ بازار
(B) اندر سبھا
(C) انار کلی
(D) یہودی کی لڑکی

Adda247
GET IT ON Google Play



**.24** "یک شعلہ برقِ خرمن صد کوہِ طور تھا"

ذیل میں درج صحیح مصرع اولیٰ سے شعر مکمل کیجیے۔

(A) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں

(B) آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم

(C) تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا

(D) ہنگامۂ گرم کن جو دل ناصبور تھا

**.25** درست جوڑے کی نشاندہی کیجیے۔

| **List – ii** | **List - i** |
|---|---|
| (W) تحریف | (i) متن میں اگر کچھ صریحاً غلط ہے تو اس کو درست کرنا |
| (X) الحاق | (ii) کسی شعر یا نثری جملے کے اصل متن میں تبدیلی کر دینا |
| (Y) تصحیح | (iii) کسی کی تخلیق یا مجموعے میں کسی دوسرے کی تخلیقات کا شامل ہونا |
| (Z) تصحیف | (iv) لفظ کو بدل دینا بالخصوص نقطوں کی تبدیلی سے ۔ مثلاً تور کو نور یا لعنت کو لغت لکھ دینا |

(A) (W) (iii)، (X) (ii)، (Y) (iv)، (Z) (i)

(B) (W) (ii)، (X) (iii)، (Y) (i)، (Z) (iv)

(C) (W) (i)، (X) (ii)، (Y) (iii)، (Z) (iv)

(D) (W) (iv)، (X) (ii)، (Y) (i)، (Z) (iii)

**.26** داستان "سب رس" کے حوالے سے کون سی باتیں درست ہیں؟

(i) ملا وجہی نے قطب شاہی دور کے چار بادشاہوں کا زمانہ دیکھا۔

(ii) 'سب رس' عبد اللہ قطب شاہ کی فرمائش پر لکھی گئی۔

(iii) 'سب رس' ایک تمثیلی قصہ نہیں ہے۔

(iv) 'سب رس' میں دکنی زبان کا استعمال کیا گیا ہے۔

(v) 'سب رس' دکن کی پہلی نثری تصنیف ہے۔

(vi) 'سب رس' میں آبِ حیات اور خضر علیہ السلام کا ذکر ہے۔

(A) (i)، (ii)، (v)، (vi)

(B) (i)، (iii)، (iv)، (vi)

(C) (ii)، (iii)، (iv)، (v)

(D) (ii)، (iii)، (iv)، (vi)

**.27** درج ذیل اصناف اور اس کے اجزاء سے متعلق صحیح جوڑے کی نشاندہی کیجیے۔

| **List - ii** | **List - i** |
|---|---|
| (W) بیانیہ | (i) مرثیہ |
| (X) رجز | (ii) ڈراما |
| (Y) مافوق الفطری عناصر | (iii) افسانہ |
| (Z) مکالمہ | (iv) مثنوی |

(A) (W) (i)، (X) (ii)، (Y) (iii)، (Z) (iv)

(B) (W) (iv)، (X) (iii)، (Y) (ii)، (Z) (i)

(C) (W) (iii)، (X) (i)، (Y) (iv)، (Z) (ii)

(D) (W) (ii)، (X) (i)، (Y) (iii)، (Z) (iv)

**28.** ذیل میں درج انشائیہ اور انشائیہ نگار کے درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) جنون لطیفہ - مشتاق احمد یوسفی

(B) کنہیالال کپور - کپور کا فن

(C) احمد جمال پاشا - وکیل صاحب

(D) رشید احمد صدیقی - شامتِ اعمال

**29.** ذیل میں سے کون خود نوشت سوانح نگار نہیں ہیں ؟

(A) مولانا الطاف حسین حالی

(B) اختر الایمان

(C) آل احمد سرور

(D) مسعود حسین خان

**30.** ذیل میں درج داستانوں کی درست زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) فسانۂ عجائب، باغ و بہار، کربل کتھا، سب رس

(B) سب رس، کربل کتھا، باغ و بہار، فسانۂ عجائب

(C) کربل کتھا، فسانۂ عجائب، باغ و بہار، سب رس

(D) سب رس، فسانۂ عجائب، کربل کتھا، باغ و بہار

**31.** درج ذیل تحریکات کی زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب بتایئے۔

(A) اصلاحِ زبان کی تحریک۔ ترقی پسند تحریک۔ علی گڑھ تحریک ۔ جدیدیت

(B) علی گڑھ تحریک ۔ اصلاحِ زبان کی تحریک ۔ ترقی پسند تحریک ۔ جدیدیت

(C) اصلاحِ زبان کی تحریک ۔ علی گڑھ تحریک ۔ ترقی پسند تحریک ۔ جدیدیت

(D) علی گڑھ تحریک ۔ جدیدیت ۔ اصلاحِ زبان کی تحریک ۔ ترقی پسند تحریک

**32.** ماسٹر رام چندر کا تعلق کس ادارے سے تھا ؟

(A) فورٹ ولیم کالج

(B) دار الترجمہ عثمانیہ

(C) دلی کالج

(D) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

**33.** دیہی زندگی اور معاشرت کی ترجمانی کے ضمن میں کس فکشن نگار کو مہارت حاصل ہے ؟

(A) کرشن چندر

(B) سعادت حسن منٹو

(C) جیلانی بانو

(D) پریم چند

Adda247
GET IT ON Google Play



34. درج ذیل میں سے کس ذریعہ ابلاغ کے لئے اسکرپٹ رائٹنگ (منظرنامہ) کی اصطلاح کا استعمال نہیں ہوتا؟

(A) ریڈیو
(B) فلم
(C) ٹیلی ویژن
(D) اخبار

35. صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(i) عبد الحلیم شرر، مرزا ہادی رسوا، عبد اللہ حسین
(ii) سعادت حسن منٹو، شوکت صدیقی، شبلی
(iii) راجندر سنگھ بیدی، میراجی، کرشن چندر
(iv) کلیم الدین احمد، آل احمد سرور، وہاب اشرفی، حامدی کاشمیری
(v) پریم چند، سہیل عظیم آبادی، اعظم کریوی، سریندر پرکاش
(vi) میر امن، رتن ناتھ سرشار، رجب علی بیگ سرور

(A) (i)، (ii)، (iii)، (iv)
(B) (i)، (iii)، (iv)، (v)
(C) (ii)، (iii)، (v)، (vi)
(D) (i)، (iv)، (v)، (vi)

36. ذیل میں سے کس نقاد کا تعلق مارکسی تنقید سے نہیں ہے؟

(A) احتشام حسین
(B) عبد الرحمٰن بجنوری
(C) محمد حسن
(D) اختر حسین رائے پوری

37. صنفی حیثیت کے اعتبار سے صحیح جوڑ ملایئے۔

| | List - ii | List - i |
| --- | --- | --- |
| (W) | نام دیو مالی | (i) انشائیہ |
| (X) | آوارہ گرد کی ڈائری | (ii) خودنوشت |
| (Y) | وکیل صاحب | (iii) سفرنامہ |
| (Z) | خواب باقی ہیں | (iv) خاکہ |

(A) (W) (i)، (X) (ii)، (Y) (iii)، (Z) (iv)
(B) (W) (iv)، (X) (iii)، (Y) (ii)، (Z) (i)
(C) (W) (iv)، (X) (iii)، (Y) (i)، (Z) (ii)
(D) (W) (ii)، (X) (i)، (Y) (iii)، (Z) (iv)

38. ذیل میں سے کون سا کردار ڈراما 'ضحاک' کا ہے؟

(A) فریدوں
(B) افراسیاب
(C) پتنگ باز
(D) سلیم

39. 'گلفام' کس ڈرامے کا مرکزی کردار ہے؟

(A) انارکلی
(B) آگرہ بازار
(C) اندر سبھا
(D) یہودی کی لڑکی

Adda247 GET IT ON Google Play



40. " امامِ ضامن کا روپیہ میرے بازو پر باندھا ، دہی کا ٹیکا ماتھے پر لگا کر آنسو پی کر بولی ، سدھارو ، تمھیں خدا کو سونپا ، پیٹھ دکھائے جاتے ہو، اسی طرح اپنا منہ دکھائیو۔ میں نے فاتحہ خیر پڑھ کر تمہارا بھی اللہ حافظ خدا ہے۔ میں نے قبول کیا ، وہاں سے نکل کر گھوڑے پر سوار ہوا "۔ متذکرہ عبارت " باغ و بہار" کے کس درویش کے قصے سے ماخوذ ہے؟

(A) دوسرے

(B) پہلے

(C) چوتھے

(D) تیسرے

41. شمالی ہند میں اُردو کی پہلی طبع زاد داستان کون سی ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) رانی کیتکی کی کہانی

(C) فسانۂ عجائب

(D) قصہ مہر افروز و دلبر

42. فسانۂ عجائب کا اسلوب کس دبستان ادب کی نمائندگی کرتا ہے؟

(A) دکن

(B) دہلی

(C) لکھنؤ

(D) عظیم آباد

43. ایک ہی صنف سے تعلق رکھنے والے ادیبوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) پطرس بخاری، مولوی عبد الحق، رشید حسن خاں، محمد علی جوہر

(B) رشید احمد صدیقی، آل احمد سرور، کلیم الدین احمد، حبیب تنویر

(C) میر امن ، ملا وجہی ، مرزا غالب ، الیاس احمد گدی

(D) ڈپٹی نذیر احمد، پریم چند، قرۃ العین حیدر، انتظار حسین

44. ذیل کے کس فکشن نگار کے یہاں ہجرت کا مسئلہ نمایاں طور پر موجود ہے؟

(A) مرزا ہادی رسوا

(B) راجندر سنگھ بیدی

(C) عبد اللہ حسین

(D) انتظار حسین

45. مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کی صحیح ترتیب ہے

(A) رخصت۔ رجز۔ جنگ ۔ چہرہ ۔ سراپا ۔ آمد ۔ شہادت ۔ بین

(B) چہرہ ۔ سراپا ۔ رخصت ۔ آمد ۔ رجز۔ جنگ ۔ شہادت ۔ بین

(C) سراپا۔ چہرہ ۔ رخصت ۔ رجز۔ آمد ۔ جنگ ۔ شہادت ۔ بین

(D) چہرہ ۔ سراپا ۔ رخصت ۔ بین ۔ آمد ۔ رجز۔ جنگ ۔ شہادت

Adda247 GET IT ON Google Play



درج ذیل نثری اقتباس کا بغور مطالعہ کیجئے اور اس کی روشنی میں سوال **46** سے **50** تک کے جواب لکھیے۔

''داغ کی غزلوں کے چار دیوان شائع ہوئے ہیں۔ ان کے نام ہیں 'گلزار داغ'، ' آفتاب داغ'، 'مہتاب داغ' اور 'یادگار داغ'۔ ان کے علاوہ ان کی ایک مثنوی 'فریاد داغ' اور مکاتیب کا مجموعہ 'انشائے داغ' بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ان کے چاروں دیوانوں میں قصائد اور چھوٹی چھوٹی نظموں کو چھوڑکر زیادہ تر غزلیں ہیں اور وہ غزل ہی کے ایک بڑے شاعر مانے جاتے ہیں۔ داغؔ کے پہلے دو دیوان 'گلزار داغ' اور ' آفتاب داغ' رامپور ہی میں شائع ہو چکے تھے۔ ان میں جو غزلیں ہیں وہ بڑی رنگین، شیریں اور عشقیہ جذبات سے لبریز ہیں۔ ان میں چلبلاپن اور چھیڑ چھاڑ ، مزاح اور شوخی کے انداز پھوٹے پڑتے ہیں۔ ان کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی بے فکر نوجوان نے جو زندگی کے عیش و عشرت اور آرام میں ڈوبا ہوا ہے اپنے قلبی جذبات کی مصوری بڑی واضح شکل میں کی ہے۔ دل کی بول چال کی زبان اور محاوروں کا نفیس استعمال اور جذبات ، محبت کھلم کھلا بیان داغ سے زیادہ اور کسی کے یہاں نہیں مل سکتا۔ ان کی شاعری میں تفکر کا وزن نہیں ہے۔ حسن و عشق کے علاوہ دوسرے جذبات کا بیان ان کے یہاں بہت کم ہے۔

**46.** داغ کے مکاتیب کے مجموعے کا کیا نام ہے؟

(A) انشائے داغ

(B) فریاد داغ

(C) یادگار داغ

(D) گلزار داغ

**47.** داغ کی غزل کے دیوان کے نام ہیں

(A) یادگار داغ، گلزار داغ، فریاد داغ

(B) گلزار داغ، آفتاب داغ ، مہتاب داغ

(C) آفتاب داغ، مہتاب داغ، انشائے داغ

(D) فریاد داغ، انشائے داغ، گلزار داغ

**48.** داغ کا کون سا دیوان را مپور میں شائع ہوا؟

(A) مہتاب داغ

(B) فریاد داغ

(C) انشائے داغ

(D) آفتاب داغ

**49.** داغ کی شاعری میں کیا نہیں ہے؟

(A) چھیڑ چھاڑ

(B) مزاح اور شوخی

(C) تفکر کا وزن

(D) عیش و عشرت کا بیان

**50.** داغ کی غزلیں کس چیز سے لبریز ہیں؟

(A) قوم کا درد

(B) تفکر

(C) رنگین ، شیریں اور عشقیہ جذبات

(D) زمانے کی ستم ظریفی

51. درج ذیل بیانات کی روشنی میں صحیح جواب کا تعین کیجئے۔

بیان (i) : ' جام جہاں نما ' اُردو کا پہلا اخبار ہے۔

بیان (ii) : یہ بیک وقت اُردو ، فارسی اور انگریزی میں شائع ہوتا تھا۔

(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں

(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں

(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے

(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

52. ناول اور اس کے کردار کے حوالے سے صحیح جوڑے کی نشاندہی کیجئے۔

| List - i | List - ii |
|---|---|
| (W) راجا، نوشا اور شامی | (i) ایک چادر میلی سی |
| (X) روشن آغا، محمد بیگ اور نعیم | (ii) اُداس نسلیں |
| (Y) گوتم، چمپا اور طلعت | (iii) خُدا کی بستی |
| (Z) منگل، چنو اور چندا | (iv) آگ کا دریا |

(A) (W) (iii)، (X) (ii)، (Y) (iv)، (Z) (i)

(B) (W) (iv)، (X) (ii)، (Y) (i)، (Z) (ii)

(C) (W) (iv)، (Z) (iii)، (Y) (i)، (X) (ii)

(D) (W) (ii)، (X) (iii)، (Y) (i)، (Z) (iv)

53. مثنوی " سحر البیان" کا سنِ تصنیف کیا ہے ؟

(A) 1778

(B) 1795

(C) 1785

(D) 1775

54. وابستگی کے لحاظ سے درست جوڑے کی نشاندہی کیجئے۔

| List - i | List - ii |
|---|---|
| (W) مرزا علی لطف | (i) دار الترجمہ عثمانیہ |
| (X) شبلی نعمانی | (ii) دلّی کالج |
| (Y) ماسٹر رام چندر | (iii) دار المصنفین |
| (Z) مولوی عبد الحق | (iv) فورٹ ولیم کالج |

(A) (W) (i)، (X) (ii)، (Y) (iii)، (Z) (iv)

(B) (W) (iii)، (X) (i)، (Y) (ii)، (Z) (iv)

(C) (W) (i)، (X) (iii)، (Y) (iv)، (Z) (ii)

(D) (W) (iv)، (X) (iii)، (Y) (ii)، (Z) (i)

55. ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں، جن میں ایک دعویٰ (A) ہے اور ایک دلیل (R) ۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ (A) : آغا حشر کاشمیری کو اُردو ڈرامے کا شیکسپیر کہا جاتا ہے۔

دلیل (R) : انھوں نے شیکسپیر کے کئی ڈراموں کو اُردو میں منتقل کیا تھا۔

(A) دعویٰ (A) اور دلیل (R) دونوں صحیح ہیں

(B) دعویٰ (A) اور دلیل (R) دونوں غلط ہیں

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن دلیل (R) غلط ہے

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن دلیل (R) صحیح ہے

Adda247 GET IT ON Google Play



**56.** 'ریختی' سے متعلق درج ذیل بیانات کی روشنی میں صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

بیان (i) : شعری صنف 'ریختی' میں عورتوں سے متعلق زبان و بیان ، مخصوص محاورات و معاملات کا بیان ہوتا ہے۔

بیان (ii) : اس صنف میں عورتوں کی زبان میں عورت شاعری کرتی ہے نہ کہ مرد۔

(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں

(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں

(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے

(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

**57.** کتاب 'ہند آریائی اور ہندی' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) نصیر الدین ہاشمی

(B) مسعود حسین خاں

(C) مولوی عبد الحق

(D) سنیتی کمار چٹرجی

**58.** آغا حشر کاشمیری کا تعلق کس تھیٹر سے رہا ہے؟

(A) پرتھوی تھیٹر

(B) پارسی تھیٹر

(C) انڈین پیپلس تھیٹر

(D) ہندوستانی تھیٹر

**59.** سفر نامہ اور سفر نامہ نگاروں کے اعتبار سے صحیح جوڑ ملایئے۔

| List - ii | | List - i | |
|---|---|---|---|
| (W) | ساحل اور سمندر | (i) | گوپی چند نارنگ |
| (X) | جاپان چلو جاپان چلو | (ii) | محمد حسین آزاد |
| (Y) | سفر آشنا | (iii) | مجتبیٰ حسین |
| (Z) | سیر ایران | (iv) | احتشام حسین |

(A) (i) (Z) ،(ii) (Y) ،(iii) (X)،(iv) (W)

(B) (iv) (Z) ،(iii) (Y) ،(ii) (X)،(i) (W)

(C) (iv) (Z) ،(ii) (Y) ،(i) (X) ،(iii) (W)

(D) (ii) (Z) ،(i) (Y) ،(iii) (X)،(iv) (W)

**60.** کس نقاد کے یہاں جمالیاتی خصوصیات نمایاں ہیں؟

(A) احتشام حسین (B) شکیل الرحمٰن

(C) شبیہ الحسن (D) رشید احمد صدیقی

**61.** درج ذیل میں ترقی پسند افسانہ نگار کون کون ہیں؟

(i) سجاد حیدر یلدرم (ii) سجاد ظہیر

(iii) عصمت چغتائی (iv) رشید جہاں

(v) خواجہ احمد عباس (vi) سریندر پرکاش

(A) (v) ،(iv) ،(iii)،(i)

(B) (iv) ،(iii) ،(ii)،(i)

(C) (v) ،(iv) ،(iii) ،(ii)

(D) (vi) ،(v) ،(iv)،(ii)

Adda247 GET IT ON Google Play



**62.** پریم چند کے ناولوں کی صحیح زمانی ترتیب ہے۔

(A) اسرارِ معابد، بازارِ حسن، نرملا، بیوہ، گئودان

(B) بازارِ حسن، اسرارِ معابد، بیوہ، نرملا، گئودان

(C) بیوہ، نرملا، اسرارِ معابد، بازارِ حسن، گئودان

(D) اسرارِ معابد، نرملا، بیوہ، بازارِ حسن، گئودان

**63.** ذیل کی مثنویوں کی درجہ بندی تاریخی ترتیب کے لحاظ سے کیجئے۔

(i) گلزار نسیم

(ii) پھول بن

(iii) قطب مشتری

(iv) سحر البیان

(A) (i)، (iii)، (ii)، (iv)

(B) (i)، (ii)، (iv)، (iii)

(C) (iv)، (iii)، (ii)، (i)

(D) (iii)، (ii)، (iv)، (i)

**64.** درج ذیل میں سے کس شاعر کا مجموعہ کلام مختصر ترین ہے ؟

(A) اصغر گونڈوی (B) شہریار

(C) شاد عظیم آبادی (D) یگانہ چنگیزی

**65.** "عشق نامہ" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) فراق گورکھپوری

(B) شہریار

(C) عرفان صدیقی

(D) اصغر گونڈوی

**66.** دھنپت رائے کے نام سے کس نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز کیا ؟

(A) منٹو

(B) کرشن چندر

(C) پریم چند

(D) راجندر سنگھ بیدی

**67.** داستان کی وہ خصوصیت جو اسے ناول سے الگ کرتی ہے، کیا ہے ؟

(A) سماجی حالات

(B) مکالمہ

(C) کردار نگاری

(D) مافوق الفطرت عناصر

**68.** ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں ، جن میں ایک دعویٰ (A) ہے اور ایک دلیل (R) ۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ **(A)** : حالی نے صنفِ غزل پر سب سے زیادہ اعتراض کیا ہے۔

دلیل **(R)** : کیوں کہ وہ مشرقی تہذیب کے پروردہ تھے۔

(A) دعویٰ(A) صحیح ہے لیکن دلیل(R) غلط ہے

(B) دعویٰ(A) غلط ہے لیکن دلیل(R) صحیح ہے

(C) دعویٰ(A) اور دلیل(R) دونوں غلط ہیں

(D) دعویٰ(A) اور دلیل(R) دونوں صحیح ہیں

Adda247
GET IT ON Google Play



69. صنفی اعتبار سے صحیح زمرے ہیں

(i) سب رس : داستان
(ii) کربل کتھا : مرثیہ
(iii) رانی کیتکی کی کہانی : داستان
(iv) باغ و بہار : ناول
(v) اندر سبھا : ڈراما
(vi) فردوسِ بریں : داستان

(A) (i)، (iii)، (v)
(B) (ii)، (iv)، (vi)
(C) (i)، (iii)، (ii)
(D) (i)، (iv)، (vi)

70. " دانہ و دام " کس کا پہلا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی
(B) قرۃ العین حیدر
(C) عصمت چغتائی
(D) کرشن چندر

71. ذیل میں سے کون سی مثنوی رزمیہ مثنوی کے زمرے میں آتی ہے؟

(A) خواب و خیال
(B) گھر کا حال
(C) بحر المحبت
(D) علی نامہ

72. ہائیکو سے متعلق کون کون سی باتیں درست ہیں؟

(i) ہائیکو جاپان کی مشہور شعری صنف ہے۔
(ii) اس میں قوافی کی تعداد صرف دو ہیں۔
(iii) اس میں آٹھ مصرعے ہوتے ہیں۔
(iv) آٹھ مصرعوں میں تین مقام پر ترجیعی مصرعے لائے جاتے ہیں۔
(v) اس میں تین مصرعے ہوتے ہیں۔
(vi) تینوں مصرعوں کے کل ارکان سترہ ہوتے ہیں۔

(A) (i)، (ii)، (iii)
(B) (i)، (v)، (vi)
(C) (ii)، (iii)، (v)
(D) (ii)، (iii)، (iv)

73. " شعر العجم" کی کس جلد میں اُردو شاعری سے متعلق بحث کی گئی ہے؟

(A) جلد اوّل
(B) جلد سوم
(C) جلد دوم
(D) جلد چہارم

74. ذیل میں سے کس زبان کا تعلق جدید ہند آریائی زبانوں کے گروہ سے نہیں ہے؟

(A) ہندی
(B) تمل
(C) پنجابی
(D) گجراتی

75. ذیل میں سے کن کا تعلق مغربی تصور نقد سے نہیں ہے؟

(A) ٹی ایس ایلیٹ
(B) آئی اے رچرڈس
(C) ابن خلدون
(D) افلاطون

Adda247
GET IT ON Google Play



.76 درج ذیل میں سے کون سا افسانوی مجموعہ قرۃ العین حیدر کا ہے؟

(A) بابا لوگ

(B) بجوکا

(C) روشنی کی رفتار

(D) تماشا گھر

.77 میر ناصر علی اور مرزا ادیب کا تعلق کس تحریک سے تھا؟

(A) مابعد جدیدیت

(B) جدیدیت

(C) رومانی تحریک

(D) ترقی پسند تحریک

.78 ڈراما اور مصنف کے حوالے سے صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(i) انارکلی : امانت لکھنوی

(ii) آگرہ بازار : حبیب تنویر

(iii) صید ہوس : محمد مجیب

(iv) ضحاک : محمد حسن

(v) اندر سبھا : واجد علی شاہ

(vi) یہودی کی لڑکی : آغا حشر کاشمیری

(A) (ii)، (v)، (vi)

(B) (iii)، (v)، (vi)

(C) (i)، (iii)، (v)

(D) (ii)، (iv)، (vi)

.79 تنقیدی کتاب اور متعلقہ نقاد کے درست جوڑے کی نشاندہی کیجیے۔

| List - i | List - ii |
|---|---|
| (i) آل احمد سرور | (W) موازنۂ انیس و دبیر |
| (ii) شمس الرحمٰن فاروقی | (X) اُردو شاعری پر ایک نظر |
| (iii) شبلی نعمانی | (Y) نظر اور نظریے |
| (iv) کلیم الدین احمد | (Z) شعر غیر شعر اور نثر |

(A) (W) (iii)، (X) (iv)، (Y) (i)، (Z) (ii)

(B) (W) (i)، (X) (iii)، (Y) (ii)، (Z) (iv)

(C) (W) (iii)، (X) (ii)، (Y) (iv)، (Z) (i)

(D) (W) (ii)، (X) (i)، (Y) (iii)، (Z) (iv)

.80 واجد حسین کس کا نام ہے؟

(A) فانیؔ (B) یگانہؔ

(C) اصغرؔ (D) جوشؔ

.81 عصمت چغتائی کے ناول ٹیڑھی لکیر کے مرکزی کردار کا نام کیا ہے؟

(A) شمن (B) ارجمند

(C) شکیلہ (D) سلمہ

.82 میر انیس کا پورا نام کیا ہے؟

(A) میر رجب علی

(B) میر سعادت علی

(C) میر ببر علی

(D) میر شبیر علی

Adda247 GET IT ON Google Play



.83 ترتیب زمانی کے اعتبار سے درج ذیل ناقدین کی صحیح ترتیب کیا ہوگی؟

(A) امداد امام اثر ۔ محمد حسن ۔ شبلی نعمانی ۔ احتشام حسین ۔

(B) امداد امام اثر ۔ شبلی نعمانی ۔ احتشام حسین ۔ محمد حسن

(C) شبلی نعمانی ۔ امداد امام اثر ۔ احتشام حسین ۔ محمد حسن ۔

(D) محمد حسن ۔ امداد امام اثر ۔ شبلی نعمانی ۔ احتشام حسین

.84 "مرزا صاحب میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ ہزار کوس سے بزبان قلم باتیں کیا کرو ، ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔ کیا تم نے مجھ سے بات نہ کرنے کی قسم کھائی ؟ اتنا تو کہو کہ یہ کیا بات تمہارے جی میں آئی برسوں ہوئے کہ تمہارا خط نہیں آیا"۔

درج بالا مکتوباتی تحریر غالبؔ نے کس کے نام لکھا ہے؟

(A) یوسف مرزا

(B) ہر گوپال تفتہ

(C) چودھری عبد الغفور سرورؔ

(D) مرزا حاتم علی مہرؔ

.85 خاکہ سازی (Synopsis) کی صحیح ترتیب کیا ہوگی؟

(A) ابواب بندی ۔ ابتدائیہ ۔ مفروضہ ۔ اختتامیہ ۔ کتابیات

(B) مفروضہ ۔ ابتدائیہ ۔ ابواب بندی ۔ اختتامیہ ۔ کتابیات

(C) ابتدائیہ ۔ مفروضہ ۔ ابواب بندی ۔ اختتامیہ ۔ کتابیات

(D) مفروضہ ۔ ابتدائیہ ۔ ابواب بندی ۔ کتابیات ۔ اختتامیہ

.86 ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

بیان (i) : شمس الرحمٰن فاروقی کی نظر میں تمام فلسفوں اور نظریوں کی حدود توڑنے کا نام جدیدیت ہے۔

بیان (ii) : شمس الرحمٰن فاروقی کو جدیدیت کا علمبردار کہا جاتا ہے۔

(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں

(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں

(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے

(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

Adda247
GET IT ON Google Play



87. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(i) مفلسی : نظیر اکبر آبادی

(ii) ایک لڑکا : اختر الایمان

(iii) لینن خدا کے حضور میں : اقبال

(iv) کسان : جوش ملیح آبادی

(v) تاج محل : فیض احمد فیض

(vi) صبح آزادی : مخدوم محی الدین

(A) (i)، (iv)، (vi)، (iii)

(B) (ii)، (iii)، (v)، (vi)

(C) (i)، (ii)، (iii)، (iv)

(D) (iii)، (iv)، (v)، (vi)

88. ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں ، جن میں ایک دعویٰ (A) ہے اور ایک دلیل (R)۔ دونوں کو غور سے پڑھنے کے بعد صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

**دعویٰ (A)** : مومن بحیثیت شاعر اپنے ہمعصروں میں سب سے مقبول شاعر ہیں۔

**دلیل (R)** : ان کی شاعری میں معاملہ بندی کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

(A) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن دلیل (R) صحیح ہے

(B) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن دلیل (R) غلط ہے

(C) دعویٰ (A) اور دلیل (R) دونوں صحیح ہیں

(D) دعویٰ (A) اور دلیل (R) دونوں غلط ہیں

89. درج ذیل میں سے کس کا تعلق اسلوبیاتی تنقید سے نہیں ہے ؟

(A) نحویات

(B) جمالیات

(C) صوتیات

(D) معنیات

90. ڈراما "ضحاک" سے متعلق درج ذیل بیانات کی روشنی میں صحیح بیان کی نشاندہی کیجئے۔

**بیان (i)** : ڈراما "ضحاک" ہندوستان کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرانے کی کوششوں پر مبنی ہے۔

**بیان (ii)** : ڈراما "ضحاک" کے پس منظر میں ایمر جنسی ہے۔

(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں

(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں

(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے

(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play



**91.** درج ذیل بیانات کی روشنی میں صحیح جواب کا تعین کیجئے۔

**بیان** (i) : تنقید قدریں متعین نہیں کرتی ہیں۔

**بیان** (ii) : تنقید کا نام فیصلہ ہے، جو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیتی ہے۔

(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں

(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں

(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے

(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

**92.** "مولا نے سر جھکا کہ کہا میں حسین ہوں" یہ کس کا مصرع ہے؟

(A) مرزا دبیرؔ

(B) میر ضمیرؔ

(C) میر انیسؔ

(D) میر خلیقؔ

**93.** اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

سب سہیں گے ہم اگر لاکھ برائی ہوگی

پر کہیں آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی

(A) تضاد

(B) تجنیس

(C) مبالغہ

(D) اشتقاق

**94.** "اُردو کھڑی بولی سے پیدا ہوئی"۔ یہ نظریہ کس کا ہے؟

(A) مسعود حسین خاں

(B) محمد حسین آزاد

(C) نصیر الدین ہاشمی

(D) سید سلیمان ندوی

**95.** غالب کے خطوط کی خصوصیات میں شامل ہیں

(i) مراسلے کو مکالمہ بنانا

(ii) سادہ اور دلکش اسلوب کی غیر موجودگی

(iii) لمبے لمبے القاب و آداب کا استعمال

(iv) افسردگی

(v) شوخی و ظرافت

(vi) تاریخی حالات

(A) (ii)، (iii)، (iv)، (v)

(B) (i)، (iii)، (v)، (vi)

(C) (i)، (v)، (vi)، (iv)

(D) (ii)، (iii)، (iv)، (vi)

**96.** ولی کا دیوان دلی کب آیا؟

(A) 1707

(B) 1710

(C) 1700

(D) 1713

Adda247 GET IT ON Google Play



.97 درج ذیل بیانات کی روشنی میں صحیح جواب کا تعین کیجئے۔

بیان (i) : "نیرنگِ خیال" انگریزی کے معروف انشا پرداز جانسن، ایڈیسن اور اِسٹیل کے مضامین کا ترجمہ ہے۔

بیان (ii) : محمد حسین آزاد کی تحریری صلاحیت اور انشا پردازانہ مہارت نے "نیرنگِ خیال" کو تخلیق کا رنگ عطا کیا ہے۔

(A) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں صحیح ہیں

(B) بیان (i) اور بیان (ii) دونوں غلط ہیں

(C) بیان (i) صحیح ہے لیکن بیان (ii) غلط ہے

(D) بیان (i) غلط ہے لیکن بیان (ii) صحیح ہے

.98 "فسانۂ آزاد" کس اخبار میں قسط وار شائع ہوتا تھا؟

(A) جامِ جہاں نما

(B) اُردوئے معلّٰی

(C) اودھ اخبار

(D) تہذیب الاخلاق

.99 ناول " آگ کا دریا " میں کس تکنیک کا استعمال ہوا ہے؟

(A) ڈائری کی

(B) فلیش بیک کی

(C) شعور کی رو کی

(D) خطوط کی

.100 صنفِ رُباعی کے حوالے سے کون کون سی باتیں صحیح ہیں؟

(i) رُباعی کو دو بیتی کہتے ہیں۔

(ii) رُباعی کو ترانہ کہتے ہیں۔

(iii) رُباعی کا پہلا ، دوسرا ، تیسرا اور چوتھا مصرع عموماً ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

(iv) رُباعی کا سب سے اہم مصرع 'چوتھا مصرع' ہوتا ہے

(v) رُباعی کے لئے ایک ہی بحر "بحرِ ہزج" مخصوص ہے۔

(vi) رُباعی کے اوزان مخصوص ہیں جن کی تعداد 24 ہے۔

(A) (i)، (iv)، (v)، (vi)

(B) (i)، (v)، (vi)، (iii)

(C) (ii)، (iii)، (iv)، (v)

(D) (i)، (ii)، (v)، (vi)

Adda247

GET IT ON Google Play



Space for Rough Work

Adda247